وفیات

شیخ محمد جاوید، شیخ خرم، شیخ عثمان اور شیخ انوار جاوید کو صدمہ

مورخہ یکم مارچ بروز بدھ مرکزی انجمن تاجران جہلم کے سینئر نائب صدر اور کلاتھ مرچنٹ کے صدر شیخ محمد جاوید کے بہنوئی اور شیخ خرم، شیخ عثمان کے والد اور شیخ انوار جاوید کے سسر شیخ محمد اسلم وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے گوجر خان میں پڑھائی۔ جس میں اہالیان گوجر خان کے علاوہ بڑی بھاری تعداد میں جہلم کی تاجر برادری نے بھی شرکت کی۔

شیخ طاہر عزیز و محمد زکریا طاہر کو صدمہ

مورخہ 12 مارچ بروز اتوار شیخ طاہر عزیز کے بھائی شرجیل عثمان کار حادثہ میں اچانک وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ صاحب نے پڑھائی۔

ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ کو صدمہ

مورخہ 17 مارچ بروز جمعہ ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ (فضل ہسپتال) کے کزن کرنل (ر) عبدالرؤف جو کہ مانچسٹر میں قیام پذیر تھے۔ اچانک ہارٹ اٹیک ہونے کی وجہ سے اللہ کو پیارے ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! ڈاکٹر صاحب کی خواہش پر ان کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں ادا کی گئی۔

ماسٹر محمد اصغر کو صدمہ

مورخہ 24 مارچ بروز جمعہ ماسٹر محمد اصغر صاحب جو کہ جامعہ کے شعبہ درس نظامی میں انگلش اور ریاضی کے مدرس ہیں کے والد صاحب طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون!۔

ادارہ ''حرمین'' جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکور بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ امین!